# امریکن اسکول آف دبئی میں بچوں کے تحفظ کا بنیادی ڈھانچہ

## ١- بچوں کا تحفظ: غرض وغایت

امریکن اسکول آف دبئی طلباء کے ساتھ ہر قسم کی جسمانی، جذباتی بد سلوکیوں یا جنسی استحصال اور نظر انداز کئے جانے کے خلاف تحفظ فراہم کرنے کے لئے پر عزم ہے۔ ایک تعلیمی ادارہ ہونے کے ناطے بچوں کا تحفظ امریکن اسکول آف دبئی کا ایک اہم فریضہ ہے اور یہ ان تمام ملازمین کی ذمہ داری ہے جو امریکن اسکول آف دبئی کے لئے کام کرتے ہیں یا خدمات فراہم کر رہے ہیں۔

بچوں کے ساتھ بد سلوکی اور غفلت بچوں کے انسانی حقوق کی خلاف ورزی ہے اور یہ چیز نہ صرف بچوں کی تعلیمی بلکہ ان کی جسمانی، جذباتی نشوونما اور روحانی بالیدگی کے لئے بھی سد راہ بنتی ہے۔ مزید بر آں بچوں کا تحفظ امریکن اسکول آف دبئی کے مشن اور بنیادی اقدار سے بھی پوری طرح ہم آہنگ ہے۔ بچوں کے تحفظ کے بارے میں امریکن اسکول آف دبئی کے عہد وعزم کے بارے میں معاشرے کے افراد کو باخبر کرنے سے نہ صرف بچوں کے خلاف بد سلوکی اور غفلت سے تحفظ میں مدد ملتی ہے بلکہ معاشرہ میں بہتر بیداری اور رپورٹنگ کے ذریعے اس کے دائرہ کار کو بھی محدود کیا جا سکتا ہے۔

امریکن اسکول آف دبئی کی تحفظ اطفال پالیسی دنیا بھر میں رائج بہترین طریقوں پر مبنی ہے اور حقوق اطفال کے بارے میں اقوام متحدہ کے اس میثاق سے پوری طرح ہم آہنگ ہے جس پر متحدہ عرب امارات نے جنوری ١٩٩٧ میں دستخط کیا تھا اور جس کی بنیاد پر اس نے ٣ # ٢٠١٦ کا ایک وفاقی قانون بھی بنایا ہے جسے (ودیمہ قانون) کے نام سے جانا جاتا ہے -امریکن اسکول آف دبئی کی تحفظ اطفال پالیسی اور یہ کتابچہ بچوں پر تشدد، انہیں نظر انداز کرنے، ان کے استحصال یا تنگ کئے جانے کو روکتا ہے، خطرات سے دوچار بچوں کی حفاظت کرتا ہے اور بچوں کے حقوق کے لئے جدوجہد کرنے والوں کی معاونت کرتا ہے -امریکن اسکول آف دبئی بچوں کے تحفظ کے لئے پوری طرح پر عزم ہے اور اس سلسلے میں کسی بھی قسم کی خلاف ورزی کو ناقابل برداشت سمجھتا ہے -اس کی مزید وضاحت کے لئے اور مریکن اسکول آف دبئی کی تحفظ اطفال پالیسی کو مزید تقویت بخشنے کے لئے اسے طلباء، فیکلٹی اور والدین کے کتابچوں نیز اسکول کی ویب سائٹ پر بھی شائع کی جاتی ہے -

تحفظ اطفال پالیسی کے تحت امریکن اسکول آف دبئی کی سر گرم کوشش یہی ہے کہ معاشرے کا ہر فرد تحفظ اطفال سے متعلق مسائل سے پوری طرح باخبر ہو- امریکن اسکول آف دبئی کی ملازمت کے طریقوں میں تمام بچوں کی حفاظت کو یقینی بنانے کے اقدامات شامل ہیں- تمام ملازمین کے لئے یہ لازمی ہے کہ وہ اپنی مدت کار کے آغاز اور اس کے بعد بھی مستقل طور پر تحفظ اطفال کی ٹریننگ حاصل کرتے رہیں - امریکن اسکول آف دبئی کے تمام ملازمین ایک ضابطہ اخلاق پر دستخط کرتے ہیں جو بچے کے تحفظ کے عزم اور اس سے وابستہ پالیسی کی سمجھ بوجھ پر دلالت کرتی ہے -امریکن اسکول آف دبئی کے بچوں کو ان کی عمروں کی مناسبت سے تحفظ کی تعلیم اس کے نصاب کا ایک جزء ہے -امریکن اسکول آف دبئی سے وابستہ والدین کو اس پالیسی، اس کے کتابچہ اور تعلیمی سیشن تک رسائی کی پوری سہولت فراہم کی جاتی ہے -امریکن اسکول آف دبئی کے تمام ملازمین کو بچوں کے تحفظ کے تمام ذرائع اس کی ویب سائٹ پر مہیا کر دئے گئے ہیں-

## ٢- امریکن اسکول آف دبئی کی تحفظ اطفال پالیسی

امریکن اسکول آف دبئی کے بورڈ آف ٹرسٹیز نے بچوں کے تحفظ سے متعلق مندرجہ ذیل پالیسی منظور کیا ہے:

امریکن اسکول آف دبئی طلباء کے ساتھ ہر قسم کی جسمانی، جذباتی بد سلوکیوں یا جنسی استحصال اور نظر انداز کئے جانے کے خلاف تحفظ فراہم کرنے کے لئے پر عزم ہے۔ س کی تفصیل اسکول کے کتابچہ میں دے دی گئی ہے- طلباء کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لئے اسکول نے اپنے تمام ملازمین کے لئے ان کے مجرمانہ پس منظر کی جانچ، ضابطہ اخلاق پر دستخط اور تحفظ اطفال کی ٹریننگ میں شرکت کو لازمی قرار دیا ہے- تمام ملازمین کے لئے یہ ضروری ہے کہ وہ بچوں کے خلاف کسی بھی قسم کے مشتبہ تشدد یا غفلت کی رپورٹ اپنے نزدیکی سپر وائزر کو فوری طور پر دیں اور اگر وہ موجود نہ ہو تو کام کے دنوں میں اسکول انتظامیہ کے کسی بھی ممبر کو فوری

طور پر مطلع کریں۔ اگر وہ ہفتہ کے اختتام کا دن ہو تو اس کی اطلاع ۲۴ گھنٹے کے اندر اندر کریں۔ سپروائزر اس قسم کی ممکنہ تشدد یا غفلت کی رپورٹ فوری طور پر سپر نٹنڈنٹ کو دیں گے جو اس کی رسمی تحقیق کرے گا اور اس مقصد کے لئے وہ تحفظ اطفال ٹیم کو بھی طلب کر سکتا ہے۔

اس پالیسی کے تحت "ملازم" کی تعریف میں امریکن اسکول آف دبئی کے وہ تمام ملازمین شامل ہیں جو طالب علموں کے ساتھ براہ راست یا بالواسطہ طور پر جڑے ہوئے ہیں، تمام بیرونی اور اندورنی طور پر ملازم رکھے گئے کوچز، رضاکار، متبادل اور بیرونی طور پر بھرتی کئے گئے ملازمین۔ اس بات کو یقینی بنانے کے لئے کہ تمام کلیدی متعلقین اسکول کی تحفظ اطفال پالیسی اور اس کے طریقہ کار سے پوری طرح باخبر ہیں امریکن اسکول آف دبئی ہر سال اس پالیسی، اس کی رپورٹنگ کے طریقہ کار، تحفظ اطفال سے متعیق کتابچہ، ملازمین کے ضابطہ اخلاق، رازداری اور عدم انکشاف کے معاہدے کو ہر سال شائع اور تقسیم کرتا ہے۔

## ۳- بچوں کے ساتھ بدسلوکی: بدسلوکی کی تعریفات

**بدسلوکی:** "ہر قسم کا جسمانی، جذباتی، جنسی تشدد، غفلت یا لاپرواہی کا سلوک، تجارتی یا کسی اور قسم کا استحصال جس کے نتیجے میں اعتماد، ذمہ داری یا طاقت کے تناظر میں بچے کی صحت، بقا، ترقی یا وقار کو حقیقی یا ممکنہ نقصان پہنچے" (بچوں کے خلاف بدسلوکی کی روک تھام کے لئے مشاورتی اجلاس کی رپورٹ، ۳۱-۲۹ مارچ ۱۹۹۹- ڈبلیو ایچ او، جنیوا- جنیوا اورلڈ ہیلتھ آرگنائزیشن، ۱۹۹۹ (دستاویز ڈبلیو ایچ او/ ایچ ایس سی/ پی وی آئی/ ۹۹ء ۱).)-

بدسلوکی کا ارتکاب دو یا دو سے زیادہ بڑی عمر کے لوگ کر سکتے ہیں جن میں والدین، امریکن اسکول آف دبئی کے ملازمین، بالغان یا بچے یا بچوں کا گروپ بھی شامل ہے۔

**جسمانی بدسلوکی:** کسی کے جسم کو جان بوجھ کے غیر پسندیدہ طور سے ہاتھ لگانا جس سے اس کو حقیقی یا امکانی طور پر ضرر پہنچے۔

**جذباتی بدسلوکی:** غیر جسمانی سلوک جیسے دھمکی، بے عزتی، ہمہ وقت نگرانی، تذلیل، خوف زدہ کرنا، الگ تھلگ کر دینا یا تعاقب کرنا جس سے کسی شخص کو حقیقی یا امکانی طور پر ضرر لاحق ہو سکتا ہے یا اس کو جسمانی، جذباتی یا سماجی ضرر پہنچ سکتا ہو۔ اس قسم کے سلوک میں درج ذیل باتیں شامل ہو سکتی ہیں:-

کسی بچے کی نقل و حرکت کو محدود کرنا، بدنام کرنا، مذاق اڑانا، دھمکی دینا، خوف زدہ کرنا، تفریق و تمیز کرنا، انکار کرنا اور دیگر غیر جسمانی نفرت انگیز سلوک (ماخوذ از مشاورتی اجلاس کی رپورٹ، ۳۱-۲۹ مارچ ۱۹۹۹- ڈبلیو ایچ او، جنیوا- جنیوا اورلڈ ہیلتھ آرگنائزیشن، ۱۹۹۹ (دستاویز ڈبلیو ایچ او/ ایچ ایس سی/ پی وی آئی/ ۹۹ء ۱).)-

**جنسی زیادتی:** کسی شخص کو اس کی رضامندی کے بغیر زور زبردستی سے جنسی تعلق قائم کرنے پر مجبور کرنا۔ خواہ یہ عمل جسمانی تعلق کے ساتھ ہو (دخول یا بغیر دخول کے) یا بغیر جسمانی تعلق کے ہو (ظاہری مواد کو شہوت کے ساتھ گھورنا یا بچوں کو غیر مناسب ہیجان خیز حرکات و سکنات کی ترغیب دینا۔

**جنسی استحصال:** جنسی یا قربت کے تناظر میں کسی شخص کی رضامندی کے بغیر، غیر منصفانہ اور ظالمانہ طور پر اس سے جنسی فائدہ اٹھانا یا قربت پیدا کرنا

**جنسی طور پر ہراساں کرنا:** جنسی نوعیت کا جسمانی، زبانی، تحریری یا الکٹرانک سلوک جو کسی شخص کی تعلیمی، غیر تعلیمی سرگرمیوں یا پیشہ ورانہ ذمہ داریوں کی راہ میں حائل ہو یا وہ خوف و دہشت اور ظلم و تعدی کا ماحول پیدا کرے۔

**غفلت:** سے مراد مندرجہ ذیل ایک یا ایک سے زیادہ میدان عمل میں بچے کی نشو و نما فراہم کرنے میں ناکامی ہے: صحت، تعلیم، جذباتی ارتقاء، غذاء، اقامت گاہ اور رہنے کا محفوظ ماحول (ڈبلیو ایچ او کی سفارشات کے مطابق)-

**ڈیجیٹل / الیکٹرانک بدسلوکی:** ڈیجیٹل مواصلات کے ذریعہ کسی پر دباؤ ڈالنا، ہراساں کرنا، تعاقب کرنا یا ڈرانا۔ ڈیجیٹل بدسلوکی آن لائن مواصلات کے ذریعہ کی جانے والی زبانی یا جذباتی بدسلوکی ہے۔ ڈیجیٹل بدسلوکی ایک طالب علم کی دوسرے طالب علم کے ساتھ یا طلباء کی بڑے لوگوں کے ساتھ ہو سکتی ہے۔

**بچوں کا تحفظ:** بدسلوکی اور غفلت سے بچوں کی حفاظت؛ وہ نظام، عقیدے، ساخت جو بچوں کے حقوق کی حفاظت کے لئے موجود ہیں اور بچوں کو حقیقی یا ممکنہ نقصان سے بچاتے ہیں۔

**چائلڈ پروٹکشن ٹیم (سی پی ٹی) :** امریکن اسکول آف دبئی کے ملازمین کا ایک گروپ معاشرے کے اندر بچوں کے تحفظ کی خلاف ورزیوں کی رپورٹ کو وصول کرنے اوران کے جواب دینے کے لئے مامور ہے-اس ٹیم کے اہم اراکین میں شامل ہیں انتظامیہ کے افراد(ڈویژنل پرنسپل یااس کا تفویض کردہ شخص) طبی افسر برائے مشاورت، ڈائرکٹر برائے خدمات طلباء اور سپرنٹنڈنٹ - یہ خاص کمیٹی اگر ضروری سمجھے گی تو سماج کے دیگرافراد کو بھی شرکت کی دعوت دے گی- سپرنٹنڈنٹ ہی ٹیم کی میٹنگ طلب کرے گا اور اسی کو رپورٹ بھی پیش کی جائے گی-اوراگر اسکول کے کسی ملازم پر الزام ہے تو یہ رپورٹ بورڈ آف ٹرسٹیز کو بھی پیش کی جائے گی-

**ملازمین:** اس پالیسی کے تحت ملازم کی تعریف میں امریکن اسکول آف دبئی کے وہ تمام لوگ شامل ہیں جو طلباء کے ساتھ براہ راست یا بالواسطہ طور پر کام کرتے ہیں، بیرونی یا اندرونی ذرائع سے رکھے گئے کوچز، رضاکار، متبادل لوگ یا باہر سے عارضی طور سے لئے گئے ملازمین-

## ۴ - رپورٹنگ کی ذمہ داریاں

امریکن اسکول آف دبئی کے تمام ملازمین کی اخلاقی اور قانونی ذمہ داری ہے کہ وہ ان تمام معاملات کی اطلاع دیں جن کے حوالے سے یہ ماننے کا مناسب شک موجود ہو کہ ان میں بچوں کی حفاظت کی خلاف ورزی ہوئی ہے۔اگر امریکی ملازمت دبئی میں کسی ملازم کو متاثر، مجرم اور/یا بچوں کے ساتھ ذاتی تجربے کی بنیاد پر اپنے بہترین علم کے مطابق، بچوں کے ساتھ بدسلوکی، غفلت، ہراساں کرنے یا استحصال کا مناسب جواز ہو تو اس شخص اپنے تشویش کی اطلاع دینی چاہئے۔تمام اطلاعات، خواہ وہ طالب علم، والدین یا نگہداشت کرنے والے کے حوالے سے لگایا گیا الزام ہو، یا امریکن اسکول آف دبئی ملازم کے خلاف ہو ملازم کے فوری سپروائزر یا، اگر وہ موجود نہیں ہو تو امریکن اسکول آف دبئی ایڈمنسٹریشن کے کسی بھی رکن کو دی جائیں گی۔بچے کی حفاظت کی خلاف ورزی کے حوالے سے آگاہ ہونے پر، ملازموں کو کام کے دنوں میں فوری طور پر، یا ہفتے کی چھٹی کے دن ۲۴ گھنٹوں کے اندر فوری طور پر ان کی تشویش کی اطلاع دینا ضروری ہے. ممکنہ بدسلوکی اور/یا غفلت کی اطلاع موصول ہونے پر سپروائزر فوری طور پر ڈویژن پرنسپل اور سپرانٹنڈنٹ کو اطلاع دے گا جو باقاعدہ جانچ کا آغاز کرے گا اور سی پی ٹی کو طلب کرے گا۔

## ۵- تقرری کا محفوظ طریقہ

امریکن سکول آف دبئی بچے کے تحفظ کو اپنی اول ترین ترجیحات کا مرکز قرار دیتا ہے - طلباء کے تحفظ کے لئے امریکن سکول ایسے ملازمین کو بھرتی کرنے اور برقرار رکھنے کی ہمت افزائی کرتا ہے جن کی جانچ بچے کے تحفظ کی عینک سے کی گئی ہو، جو محفوظ طریقہ عمل کو قائم رکھنے کا عزم رکھتے ہوں اور جو بچوں کے تحفظ سے متعلق اپنے علم اور مہارت برقرار رکھنے کے لئے ٹریننگ میں شرکت کرتے ہوں-طالب علموں کی حفاظت کو یقینی بنانے کے لئے، اسکول کے تمام ملازمین کے لئے یہ ضروری ہے کہ وہ اپنے مجرمانہ پس منظر کی جانچ پڑتال کرائیں، ایک ضابطہ اخلاق پر دستخط کریں اور بچے کے تحفظ کی تربیت میں حصہ لیں۔امریکن اسکول آف دبئی کے ذریعہ رکھے گئے تمام ملازمین کی حوالہ جاتی جانچ ہوگی۔حوالہ جاتی جانچ کی کامیاب تکمیل کے بعد انسانی وسائل کے ڈائریکٹر کے ذریعہ اس بات کی تصدیق کی جائے گی کہ آیا امیدوار ملازمت کے اہل ہے یا نہیں۔

## ٦- تربیت

تمام ملازمین مستقل طور پر لازمی تربیت میں حصہ لیں گے۔تربیت آن لائن اور بالمشافہ بھی فراہم کی جائے گی-اس تربیت میں رپورٹنگ، تحفظ اور بدانتظامی کے الزامات بھی شامل ہیں-

## ۷-رازداری

امریکن اسکول آف دبئی کسی بھی طور پر بچوں کے تحفظ کے معاملے میں شامل لوگوں کی رازداری کا احترام کرتا ہے۔ بچوں کی حفاظت کی ممکنہ خلاف ورزی کی اطلاع دینے والے اور اس میں شامل افراد کی شناخت ممکنہ حد تک صیغۂ راز میں رکھی جائے گی۔ تاہم، جو لوگ اس میں شامل ہیں انہیں سمجھنا چاہئے کہ معاملے پر کارروائی کی تفتیش کے حوالے سے کچھ معلومات کا اشتراک کیا جائے گا۔ معلومات کا ضرورت کے مطابق پابندی سے صرف ان لوگوں کے ساتھ اشتراک کیا جائے گا جو براہ راست معاملے کی جوابدہی میں شامل ہیں۔ ان افراد میں سی پی ٹی، امریکن اسکول آف دبئی ایڈمنسٹریٹرس، بورڈ آف ٹرسٹیز یا متحدہ عرب امارات کے تحفظ اطفال کے اہلکار، مبینہ مجرم کے اسپانسر اور / یا اس کا سفارت خانہ شامل ہو سکتے ہیں لیکن ان تک محدود نہیں ہے۔ امریکن اسکول آف دبئی بچوں کی حفاظت کی خلاف ورزی کے معاملوں کی تفتیش کرنے والے اداروں کے ساتھ پوری طرح تعاون کرے گا۔۔ بچوں کی حفاظت کی خلاف ورزی کے متاثرین اور ان کی اطلاع دینے والے دونوں کی شناخت صیغۂ راز میں رکھی جائے گی، تاہم، اسکول مکمل رازداری کی ضمانت نہیں دے سکتا۔ متاثرہ فرد کی شناخت کچھ افراد یا اداروں پر ظاہر کرنا داخلی تفتیش اور لازمی اطلاع دونوں کے لئے ضروری ہے۔

امریکن اسکول آف دبئی کے تمام ملازمین کو ایک ضابطہ اخلاق پر دستخط کرنے ہوتے ہیں جس میں لکھا ہوتا ہے کہ وہ لوگ رازداری برتیں گے اور طالب علم اور خاندان کے حوالے سے کوئی بات نہیں کریں گے تاوقتیکہ ایسا کرنے کے پیشہ ورانہ حالات نہ ہوں اور صرف ان افراد سے بات کریں گے جن سے کرنا طالب علم کی مدد اور بہبود کے لئے لازمی ہو۔ کسی بھی امریکن اسکول آف دبئی کے ملازم جسے بچوں کی حفاظت کی امریکن اسکول آف دبئی پالیسی کی خلاف ورزی کرتے پایا گیا اسے رازداری کی ضمانت نہیں دی جا سکتی اور اسکول اس کمیونٹی اور دیگر کمیونٹیز کی حفاظت کے لئے جس حد تک ضروری ہو گا معاملے کی معلومات فراہم کرے گا۔

## ۸-بیرونی تنظیمیں، وینڈرس اور تھرڈ پارٹی فراہم کنندگان

امریکن اسکول آف دبئی کی انتظامیہ اس بات کو یقینی بنائے گی کہ تمام تنظیمیں، وینڈرس اور تھرڈ پارٹیز فراہم کنندگان ہمارے کیمپس کا استعمال ہمیشہ بچوں کے تحفظ کی ہماری پالیسی اور طریقۂ کار کے مطابق اپنے کام کی انجام دہی کے لئے کرتے ہیں۔

## ۹- اطلاع دینے (وھسل بلوئنگ) پالیسی

امریکن اسکول آف دبئی وھسل بلوئنگ پالیسی کو برقرار رکھتا ہے تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جا سکے کہ تمام ملازمین اپنے ساتھی کارکنوں کے کاموں کو بلاخوف اور نتیجے کی پرواکیے بغیر رپورٹ کرنے کے اپنے فریضے کو بخوبی سمجھتے ہیں۔

## ۱۰-پالیسی پر نظر ثانی

بچوں کی حفاظت کے لئے امریکن اسکول آف دبئی پالیسی اور پروگرام پر ہر سال نظر ثانی کرتی رہے گی۔

## ۱۱-مقامی وسائل

ہر شخص کو جسے کسی بھی طالب علم یا ملازم کے ہنگامی علاج کی ضرورت ہو اسے دبئی ایمبولینس یا پولیس کو ۹۹۹ پر کال کرنا چاہئے۔

امریکن اسکول آف دبئی میں ڈاکٹروں اور معالجوں کی ایک فہرست رکھی جاتی ہے جس کا استعمال بدسلوکی، غفلت، یا استحصال کے متاثرین کے لئے استعمال کیا جا سکتا ہے۔ یہ وسائل دفتر صحت، ڈویژنل کاؤنسلنگ دفاتر اور آفس آف دی ڈائرکٹر آف اسٹوڈنٹ سروسز میں دستیاب ہیں۔

دبئی میں درج ذیل اضافی وسائل ہیں:

**عورتوں اور بچوں کے لئے دبئی فاؤنڈیشن**

رابطہ نمبر: ۲۸۷۰۰۸۸ ۴ ۰۹۷۱ +

ہاٹ لائن: ۱۱۱ ۸۰۰

ای میل: dfwac@help

ویب سائٹ:

**وزارت داخلہ کا تحفظ اطفال سنٹر**

رابطہ کا نمبر: ۹۷۱۲۳۳۳۳۹۹۹ +

ہاٹ لائن: ۱۱۶۱۱۱

ویب سائٹ:

**دبئی پولیس تحفظ اطفال ہاٹ لائن**

رابطہ کا نمبر: ۸۰۰-۲۴۳

+ ۹۷۱-۴-۲۶۶۱۲۲۸

ae.gov.dubaipolice.www

**بچوں کا تحفظ مع طبقاتی ترقی اتھارٹی**

تحفظ اطفال ٹول فری نمبر:۸۰۰۹۸۸

کمیونیٹی ڈیولپمنٹ اتھارٹی ٹول فری نمبر: ۸۰۰۲۱۲۱

ای میل: ae.gov.cda@child

**لطیفہ بچوں کا اسپتال**

رابطہ کا نمبر:۹۷۱۴۲۱۹۳۰۰۰ +

ویب سائٹ: